Batch No=42 1

نام: نگہت یاسمین

## سوال

اسلام کا معنی و مفہوم اور اس کی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

start with the introduction of the question.

## اسلام کا معنی و مفہوم

**لغوی معنی:** اسلام کے لغوی معنی "اطاعت کرنا" "پیروی کرنا" "سپردگی" یا امن و سلامتی کے ہیں۔

**اصطلاحی معنی:** اسلام کے اصطلاحی معنی سے مراد ہے کہ اللہ کے احکامات پر عمل کرنا اور اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کرنا کے ہیں۔ اسلام عربی کے لفظ سلم سے نکلا ہے۔ یہ تین الفاظ س ل م کا مجموعہ ہے۔ سلم کے معنی "امن و سلامتی" کے ہیں۔ اسلام کا پرانا نام دین حنیف ہے۔ جس سے مراد توحید پرست کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ لفظ پہلی مرتبہ استعمال کیا ہے۔

**اسلام قرآن کی رو سے:** قرآن مجید میں اسلام کے بارے میں ارشاد ہے۔

ان الدین عند اللہ الاسلام (القرآن)

بے شک اللہ کے نزدیک دین اسلام ہے۔

سورۃ الکافرون میں ارشاد ربانی ہے۔

تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا

highlight the references.

دین مبارک ہے۔

ایک اور جگہ پر ارشاد ربانی ہے۔

لا اکراہ فی الدین ہ (القرآن)

دین میں کوئی جبر نہیں۔

**اسلام اور احادیث کی رو سے:**

حضرت عمر فاروق حدیث جبرائیل کی رو سے فرماتے ہیں۔
کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ
اسلام اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت اور ارکان اسلام
پر عمل کرنے کا نام ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا۔
مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان
محفوظ ہیں۔

**مذہبی سکالرز کی رو سے اسلام کا معنی و مفہوم:**

امام غزالی فرماتے ہیں۔
اسلام حقوق اللہ اور حقوق العباد کے مجموعے
کے مجموعے کا نام ہے۔

ایک اور مذہبی سکالر کہتے ہیں۔
اسلام ایک توحید پرست دین ہے جس کو صرف اور صرف
حضرت محمد ﷺ لے کر آئے۔

**مکمل دین:** اسلام ایک مکمل دین ہے۔ اس میں زندگی کے
ہر پہلو کے بارے میں رہنمائی موجود ہے۔ جیسا کہ ارشاد ربانی ہے
الیوم اکملت لکم دینکم (القرآن)

**عالمگیر دین:** اسلام ایک عالمگیر دین ہے یہ دنیا میں ہر وقت ہر جگہ اور ہر شخص کے لیے ایک مکمل رہنمائی کر آیا ہے۔ یہ ایک مکمل اور جامع دین ہے۔ انسان اپنی زندگی کے ہر پہلو میں اس سے راہنمائی حاصل کر سکتا ہے۔

## اسلام کی نمایاں خصوصیات

اسلام کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں۔

**(1) عقیدہ توحید:** اسلام کی سب سے نمایاں خصوصیت عقیدہ توحید ہے۔ اس میں صرف ایک اللہ کو مانا جاتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ سورۃ الاخلاص میں فرماتے ہیں۔

قل ھو اللہ احد ۝ اللہ الصمد ۝ لم یلد ۝ ولم یولد ۝ ولم یکن لہ کفوا احد ۝

**عقیدہ توحید کی اہمیت:** عقیدہ توحید کو تمام عقائد میں بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اس میں تمام عقائد عقیدہ رسالت عقیدہ آخرت فرشتوں پر ایمان لانا اسی کے گرد گھومتے ہیں۔

مولانا شبلی نعمانی اپنی کتاب سیرۃ النبی میں لکھتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ

~~عقیدہ~~ اسلام ایک قلعے کی مانند ہے اور اس قلعے کا دروازہ عقیدہ توحید ہے۔ (الحدیث)

## 2 عقیدہ رسالت:

عقیدہ رسالت سے مراد ہے کہ رسول پر ایمان لانا۔ یہ کلمہ کا دوسرا جزو بھی ہے۔

**(1) ختم نبوت:** آپ ﷺ کو اللہ کا آخری رسول ماننا ختم نبوت کہلاتا ہے۔ آپ ﷺ کے بعد دنیا میں کوئی نبی نہیں آئے گا جیسا کہ قرآن میں ارشاد ہے۔

محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں (القرآن)

آپ ﷺ نے فرمایا

میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ میں آخری نبی اور تم آخری امت ہو۔

**(2) بحیثیت معلم:-** آپ ﷺ اس دنیا میں بحیثیت معلم بن کر آئے۔ قرآن پاک ہمیں نماز کا حکم دیتا ہے۔ جب کہ آپ ﷺ کی سنت سے ہمیں نماز پڑھنے کا طریقہ پتا چلتا ہے۔ اسی طرح سے اسلام سنت کی پیروی کرنے کی وجہ سے عملی دین قرار دیا گیا ہے۔

## 3 مکمل ضابطہ حیات:

اسلام ہمیں زندگی کے انفرادی اور اجتماعی دونوں معاملات میں مکمل رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

**(1) انفرادی زندگی:** جب انسان پیدا ہوتا ہے تو اس کے کانوں میں اذان دینے کے بعد اس کا نام رکھا جاتا ہے۔ پھر جیسے جیسے وہ وقت کے ساتھ بڑا ہوتا ہے تو اس کو فرائض کے بارے میں آگاہ کیا جاتا ہے۔ والدین کا فرض ہوتا ہے کہ وہ اولاد کی تعلیم و تربیت

Scanned with OKEN Scanner

پوری توجہ دیں اس لیے والدین کو بچے کی پہلی درسگاہ قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح جیسے ہی وہ بڑا ہوتا ہے اس پر معاشی ذمہ داریوں کا فرض عائد ہوتا ہے۔ اسلام اس کو رزقِ حلال کی تلقین کرتا ہے اور اس کو روزگار کے حلال مواقع کی ترغیب دیتا ہے پھر اس پر اولاد و اہلیہ سمیت لوگوں کے حقوق عائد ہوتے ہیں۔ اسلام اس کو زندگی میں توازن قائم کرنے کے لیے عائلی زندگی کے بارے میں آگاہ کرتا ہے۔ گویا اسلام زندگی کے ہر پہلو میں اس کی رہنمائی کرتا ہے۔

(iii) **اجتماعی زندگی:** اسلام اجتماعی زندگی کے بارے میں بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ جس طرح انسان کے انفرادی فرائض و حقوق ہوتے ہیں۔ اسی طرح انسان کی معاشرتی ذمہ داریاں بھی ہیں۔ اسلام ہمیں بین الاقوامی معاملات سماجی معاملات اور معاشرتی معاملات میں مکمل طور پر رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

## 4۔ انسانیت اور اسلام

**دورِ حاضر کی دنیا میں اسلامی انسانیت کے علمبرداروں کے کارنامے:**

ڈاکٹر عبدالستار ایدھی کو دنیا کا سب سے بڑا انسانیت کا علمبردار مانا جاتا ہے۔ انھوں نے رفاہِ عامہ کے لیے بہت کام کیا۔ انھوں نے کیا

دنیا کا سب سے بڑا ادارہ انسانیت کا ہے۔

ڈاکٹر روتھ فاؤ نے پاکستان آ کر کوڑھ کے مریضوں کا مفت علاج کیا۔

(i) **انسانیت سے محبت:** آپ ﷺ نے انسانیت سے محبت کی اسلام ہمیں انسانیت سے محبت کی تلقین ۱۴۰۰ برس پہلے کر دیا ہے جیسا کہ آپ ﷺ نے فرمایا۔

تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا (الحدیث)

اسلام ہمیں انسان سے محبت کی تلقین دیتا ہے۔ غیبت، چغلی اور ریاکاری سے پرہیز کرنے کی تلقین دیتا ہے۔ جیسا کہ قرآن میں غیبت کو برائی قرار دیا گیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا

جس نے اپنے مسلمان بھائی کی غیبت کی تو گویا اس نے اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھایا۔ کیا تم میں ~~سے~~ (الحدیث)

کیا تم میں سے کوئی پسند کرے گا کہ وہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے (الحدیث)

leave spaces between headings for neatness.

(ii) **مریض کے حقوق:** اسلام نے مریض کے حقوق مقرر کیے ہیں۔ ڈاکٹر رولف نے 2005 میں مریض کا علاج کیا جبکہ اسلام نے مریض کی تیمارداری کے بارے میں فرمایا۔ اللہ حدیث قدسی میں ارشاد ہے۔

اللہ اس شخص سے ناراضگی اختیار کر لیتا ہے جو مریض کی عیادت کے لیے نہیں جاتا (قدسی)

حضرت ثوبان ؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا

جو شخص ~~اپنے~~ اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کے لیے جاتا ہے تو جب تک وہ گھر نہیں آجاتا تو گویا کہ وہ جنت کے باغات میں ہے۔

ارشاد ربانی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

7

Date: __/__/20__

جس نے ایک شخص کی جان بچائی
تو گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی
(القرآن)

## مساوات:

(۱۷) **مساوات**: دنیا میں نیلسن مینڈیلا اور کنگ مارٹن لوتھر نے انیسویں اور بیسویں صدی میں مساوات کے بارے میں آواز اٹھائی۔ اسلام نے مساوات کے بارے میں 1400 برس پہلے اپنا پیغام پہنچایا ارشاد ربانی ہے۔

تمھاری قومیں اور قبیلے بنا دیے گئے تاکہ
تم پہچانے جا سکو (القرآن)

آپ ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا۔
تم سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہو۔ کسی عربی کو عجمی اور کسی عجمی کو عربی پر کوئی ~~فضیلت~~ فضیلت نہیں سوائے تقویٰ کے۔

اسلام نسلی تفاخر کو ختم کرنے کا حکم دیتا ہے۔

(۱۸) **اخوت**: اسلام اخوت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔
قرآن پاک میں ارشاد ہے۔
المومنون مومن، مومن کا بھائی ہے۔

اسلام بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ جیسا کہ اقبال نے کہا۔

**ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز**
**نہ بندہ رہا نہ بندہ نواز۔**

اسلام ہمیں غلامی اور آقاؤں کے تصور سے آزاد کرتا ہے

(۱۹) **انسانیت کی بلندی**: اسلام انسانیت کو بلندی کا درس دیتا ہے

Scanned with OKEN Scanner

جبکہ اسلام انسان کو دنیا کا نائب ہونے کا اعزاز دیتا ہے۔
دنیا کا خلیفہ قرار دیتا ہے۔

**اسلام اور مدر ٹریسا:-** مدر ٹریسا نے یتیم بچوں کے لیے رفاہی ادارہ کھولا جبکہ اسلام یتیم بچوں کی پرورش کی تلقین 1400 برس پہلے کر چکا ہے۔ آپؐ نے یتیم کی پرورش کرنے والے کو جنت کی بشارت دی ہے۔

**مردوں کے حقوق:** اسلام نے مردہ انسان کے حقوق کا بھی احاطہ کیا ہے۔ لاشوں کو مثلہ کرنے کی ممانعت کی ہے۔ اور آپؐ نے ~~ہم کو~~ ہمیں جنازے میں شرکت کرنے کی بھی تلقین کی ہے۔

ایک مسلمان بھائی کے دوسرے مسلمان بھائی پر
جو فرض عائد ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ
جب وہ مر جائے تو اس کے جنازے
میں شریک ہو۔ الحدیث

اسلام میں جانوروں کے حقوق پر بھی تلقین کی گئی۔ آپؐ نے فرمایا کہ ایک گناہگار عورت کو اس لیے جنت بھیجا گیا کیونکہ اس نے ایک پیاسے کتے کو پانی پلایا جبکہ ایک نیک عورت کو اس لیے جہنم کی سزا دی کیونکہ اس نے ایک بلی کو بھوکا پیاسا مار دیا۔

اسلام صفائی کو نصف ایمان قرار دیا گیا۔ جیسا کہ آپؐ نے فرمایا
راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینا
صدقہ ہے۔ الحدیث

اسلام درختوں کو لگانے کی ترغیب دیتا ہے۔ ایک
درخت لگانا بھی صدقہ جاریہ ہے۔ سرسبز درخت کو کاٹنے
کی ممانعت کی گئی۔ ماحولیاتی آلودگی آج کل بہت
بڑا مسئلہ ہے۔ جبکہ اسلام معاشرے کو صاف ستھرا اور
رکھنے کی تلقین کرتا ہے۔

**اسلام اور حقوقِ نسواں:** اسلام عورت کے حقوق
کے تحفظ کے بارے میں آگاہ کرتا ہے۔ آج دنیا کی مختلف
تنظیمیں عورت کے حقوق کے بارے میں آگاہ کرتی ہوئی
نظر آتی ہیں۔ جبکہ اسلام نے عورت کو ہر طرح سے
حقوق فراہم کیے ہیں۔ اور اس کو ماں کا درجہ بیوی
بہن کا اور بیٹی کا درجہ عطا فرمایا ہے۔

**عدل و انصاف اور اسلام:** اسلام بغیر نسلی تفاخر
کے عدل و انصاف کا قائل نظام فراہم کرتا ہے ایک
دفعہ آپ ﷺ نے انصاف کے بارے میں فرمایا
دنیا میں تم میں سے پہلے قومیں عدل و انصاف میں
کم سے تباہ ہوئیں کیونکہ وہ غریب کو سزا دیتے
اور امیر کو چھوڑ دیتے
"اگر میری بیٹی فاطمہ بنتِ محمد بھی ہوتی تو
میں اس کا بھی ہاتھ کاٹ دیتا۔"
اسلام میں مختلف جرائم کی مختلف سزائیں اور اعتدال
والا ایک نظام فراہم کرتا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے
ان اللہ یامر بالعدل والاحسان وایتائ ذی
القربیٰ والیتٰمیٰ والمساکین وابن السبیل

10

Date: __ /___/20___

MON TUE WED THS FRI SAT

## حاصلِ بحث:۔

اسلام ایک مکمل اور جامع دین ہے انسانیت
کا علمبردار دین ہے۔ یہ زندگی کے ہر پہلو میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔
انفرادی اجتماعی زندگی کے ہر پہلو میں رہنمائی فراہم کرتا
ہے۔ یہ ایک مکمل اور جامع دین ہے۔ یہ ایک ایسا دین ہے جو سماجی
معاشی و معاشرتی دینی الاقوامی لحاظ سے راہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

good structure and arguments.

work on paper presentation skills.

12/20

Scanned with OKEN Scanner